ہمیں کوئی عمل پڑھتے وقت ترک حیوانات وغیرہ کی ضرورت کیوں پڑتی ہے۔ صرف اسی لئے ہم اپنے اندر پاکیزگی، روحانیت و نورانیت پیدا کریں۔ تمام موکل نوری ہیں۔ اور ہم خاکی۔ پھر جب تک ہمارے اندر نورانیت نہ ہوگی۔ وہ کیسے ہم سے مانوس ہو سکتے ہیں۔ ہم ہماری غذا ہمارے افعال اور اعمال بلکہ ہماری پوری زندگی گناہ و ظلالت اور ناجائز و غلط کاریوں کی کیچڑ سے لتھڑی ہوئی اور گرد و غبار سے آلودہ ہے۔ لہٰذا جب تک ہمارے کام میں نیت بخیر نہ ہو اور رگ رگ میں مکمل پاکیزگی نہ ہو ہمارے عملیات مکمل کیسے ہو سکتے ہیں۔ عامل کے لیے ہر طرح سے پابند شرح، متقی و پرہیزگار ہونا شرط اول ہے۔ پھر اس کے بعد کوئی بھی عمل پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ فوراً اس کا اثر ایسا ہوگا جیسے سوئچ دبانے پر بجلی جل اٹھتی ہے کیونکہ اس میں کرنٹ پہلے ہی سے دوڑتا ہوتا ہے لیکن اگر ہم تمام کنکشن کر کے میٹر بھی لگالیں مگر اس کا تعلق بجلی گھر کے کرنٹ اسٹور

سے نہ ہو یا کہیں سے کنکشن صحیح نہ جڑا ہُوا ہو تو اس سے بجلی کیسے جل سکتی ہے لاکھ بٹن دباتے رہیں۔

لہٰذا ہر مسلمان کے لئے سب سے پہلے صحیح معنوں میں مومن صالح بننا اولین فرض ہے۔ پھر عمل پڑھنے کے لئے اس کی جملہ شرائط پوری کرنا ہیں۔ پھر دیکھیے کہ کیا اثر دکھاتا ہے۔ ترک حیوانات میں پرہیز دو طرح کے ہیں۔

۱۔ پرہیز جمالی۔

۲۔ پرہیز جلالی۔

۱۔ پرہیز جمالی:۔ گوشت، مچھلی، سرکہ، پیاز، لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں جماع نہ کریں۔ دہی اور مٹھائی بھی نہ کھائیں۔ میوہ، سرسوں اور تِل کا تیل استعمال کر سکتے ہیں۔ مگر جبکہ اس کی پاکی میں ذرہ برابر کا بھی شبہ نہ ہو۔

۲۔ پرہیز جلالی اور ترک حیوانات:۔ مچھلی، گوشت، انڈا، لہسن، پیاز، شہد، شکر، سرکہ، مولی، ہینگ عنبر، چھوہارا اور دیگر میوہ جات سے قطعی پرہیز کریں۔ اور اگر کرنا چاہیں بھی تو صرف اسی شرط پر کہ خود اپنے سامنے مسلمان تیلی سے تیل اس طرح نکلوائیں کہ تلوں کو یا سرسوں کو سے کر پانی میں ڈالیں اور جو اوپر رہے اسے دُور کر کے باقی کا تیل نکلوائیے۔ پان کھانے تک کو منع ہے۔ کوئی بھی نشہ کی چیز یہاں تک کہ حقہ، سگریٹ، بیڑی کا استعمال بھی نہ کریں۔ چمڑے کے ڈول سے پانی نہ پئیں۔ دریا، ندی کا پانی مٹی کے برتن میں استعمال میں لائیں۔ ریشمی اونی

اور حیوان کے کسی بھی حصّے کے بنے ہوئے کپڑے کا استعمال نہ کریں۔ چاقو بھی ہاتھی دانت کے دستے کا اور بارہ سینگے وغیرہ کا۔ چمڑے کا جوتا، موزہ کبھی قطعی استعمال نہ کریں۔ خط نہ بنوائیں، ناخن نہ ترشوائیں، جماع نہ کریں۔ غیر کے بستر پر نہ لیٹیں۔ ملنا جلنا سب سے ترک کر کے خلوت اختیار کریں۔ ہر وقت باوضو رہیں۔ اور اگر طاقت ہو تو روزہ رکھیں۔ اگر کوئی خدمتگار بھی چلہ کے دوران ہو تو وہ شخص بھی پرہیزگار نمازی اور پابند شرع ہو اور عمر پابندیٔ شرع میں گزاری ہو۔ روز غسل کریں کپڑا بغیر سلا ہوا پہنیں اور خیال رکھیں کہ اس دوران جسم کے کسی حصے سے خون نہ نکلنے پائے۔ اور درخت جس میں دودھ نکلتا ہو اس کا پتہ نہ توڑیں۔ اور شاخ، پھول، میوے اپنے ہاتھ سے نہ توڑیں نہ کاٹیں۔ البتہ وہ بال جن کا تراشنا سنت ہے۔ مثل لب اور بغل ضرور بنائے اور باقی بال نہ بنائیں۔ ہاتھی و گھوڑے پر سوار نہ ہوں۔

اگر خدانخواستہ عامل کی زندگی کا کل یا بعض حصہ ناجائز کاموں میں گزرا ہو یا نماز روزہ فرائض و واجبات باقی ہوں تو سب سے پہلے سچے دل سے توبہ و استغفار لازم و ضروری ہے۔ قضائے عمری یعنی نمازیں اور روزے جو ذمہ باقی ہیں۔ حساب لگا کر ان کو پورا کر لیں۔ اگر ہمارے احباب نے یہی عمل کر لیا تو ہمارا دعویٰ ہے کہ پھر کسی مخصوص عمل کے پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ اور ہر جائز کام میں کامیابی و کامرانی حاصل ہو گی۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اور سب کے صدقہ میں اس عاصی گنہگار کو نیکی کی توفیق مرحمت فرمائے اور وہ کام لے جو اس کی اور اس کے حبیب کی رضا کا سبب بن جائیں۔ آمین۔

نوٹ خاص :- اعلیٰ حضرت اقدس سرہٗ نے احسن الوعانی آداب الدعا میں تاکید فرمائی ہے کہ نماز یا کوئی عمل پڑھا جائے تو اس طرح پڑھیں کہ اپنے کان تک آواز پہنچے ورنہ پڑھنا نہ پڑھنے کے برابر ہے۔ اور کوئی نقش فاؤنٹین پین سے یا فاؤنٹین سیاہی سے ہرگز نہ لکھیں کہ اس میں الکحل یعنی شراب کی آمیزش ہوتی ہے۔

جس کاغذ پر نقش وغیرہ لکھیں اس کو دھوپ کے رخ سے دیکھ لیں کہ اس میں اندرونی طور پر کوئی تصویر یا کسی قسم کے حروف تو بنے ہوئے نہیں ہیں ورنہ ایسے کاغذ پر نقش بے اثر ثابت ہوگا۔

زکوٰۃ کی قسمیں

○

یہ ایک ایسا راز پنہاں ہے جس سے ہزاروں عاملین واقف نہیں صرف کاملین کے ارشاد کے مطابق عمل کرتے رہے اور اسی کی تعمیل دوسروں کو دیتے رہے۔ زیادہ سے زیادہ کسی سائل کے جواب میں یہ فرما دیتے کہ کسی آیت یا اسم کی زکوٰۃ سوا لاکھ ہے جو اہم یوم میں پوری کرنی ہے اس کے سوا یہ علم نہیں کہ سوا لاکھ کی تعداد ہر آیت یا اسم کی ہے اور وہ زکوٰۃ کی قسموں میں سے کس قسم کی زکوٰۃ ہے۔ آیا سوا لاکھ کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس عمل سے عمر بھر کا کام لے سکتے ہیں یا وقتی طور پر۔ اگر عمر بھر کے لئے عامل ہو جائے گا تو روز کسی مخصوص تعداد میں پڑھنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

قسم اوّل :- عامل اپنے نام کے اعداد کے مطابق اہم یوم روزانہ پڑھے تو وہ عمل ایک دفعہ کام دے گا ہمیشہ نہیں۔

قسم دوم :- جو عمل پڑھتا ہو اس کے حروف کی تعداد جتنی ہو ہزار مرتبہ روزانہ اہم یوم پڑھے تو ہمیشہ کے لئے عامل ہو جائے گا۔ عامل اس کا سیف زبان ہو جاتا ہے پھر وقت ضرورت صرف ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہوتا ہے۔

قسم سوم :- عمل کے جتنے حروف ہوں اتنے سو مرتبہ روزانہ پڑھے یہ زکوٰۃ بھی ایک ہی بار کام دیتی ہے۔ مگر قسم اوّل سے بہتر ہے۔

قسم چہارم :- زکوٰۃ صغیر عمل کے قواعد قمری جتنے ہوں اتنے ہی بار روزانہ

پڑھے۔ یہ زکوٰۃ عملی ہے اور معتبر بھی۔

قسم پنجم :۔ زکوٰۃ کبیر عمل کے اعداد قمری کو حروف عمل سے ضرب دو اور حاصل ضرب کو روزانہ پڑھو۔ یہ زکوٰۃ صغیر سے زیادہ قوی ہے۔ ہمیشہ کے لئے عامل ہو جائے گا۔

قسم ششم :۔ زکوٰۃ اکبر، عمل کبیر کے اعداد کو پھر حروف کی تعداد سے ضرب دے کر روزانہ پڑھیں یہ کبیر سے بھی زیادہ قوی ہے کہ اس اسم کے موکل سامنے آکر عامل سے ملاقات کریں گے۔

قسم ہفتم :۔ زکوٰۃ اکبائر۔ عمل اکبر کی تعداد کو پھر حروف کے اعداد سے ضرب دے کر پڑھیں یہ اکبر سے بھی زیادہ قوی ہے اس اسم کے موکل خادم ہو کر ساتھ رہیں گے۔

قسم ہشتم :۔ زکوٰۃ اکبر الکبائر :۔ یہ آخری زکوٰۃ ہے یعنی عمل اکبر کی تعداد پھر حروف کی تعداد سے ضرب دے کر پڑھیں اس کو کبریت احمر یا لعل سپید کہتے ہیں اسی تعداد کو اس اسم کا نصاب کہتے ہیں۔

نوٹ :۔ ان اقسام کی تعداد عمل کثیر ہو جاتی ہے۔ اسمائے باری تعالیٰ کی تلاوت تو ممکن ہے۔ مگر آیات قرآنی کی زکوٰۃ صغیر بھی ادا کرنا ممکن نہیں۔ اس کے لئے اکابرین نے یہ طریقہ درج فرمایا ہے جس کی ۵ قسمیں ہیں۔

قسم اوّل عشر :۔ نصاب کی نصف تعداد کو کہتے ہیں۔

قسم دوم :۔ دور مدور۔ عشر کے نصف کو کہتے ہیں۔

قسم سوم قفل :۔ دور مدور کے نصف کو کہتے ہیں۔

قسم چہارم بذل :۔ قفل کے نصف کو کہتے ہیں

قسم پنجم ختم :۔ بذل کے نصف کو کہتے ہیں۔

بالکل معمولی طریقہ پر زکوٰۃ کی قسمیں اور بھی ہیں مگر ان میں یہ خطرہ رہتا ہے کہ عمل کبھی فائدہ کرتا ہے کبھی نہیں۔ یا صرف ایک دفعہ ہی عمل کام دیتا ہے۔ ہاں یہ ایک فائدہ ضرور ہے کہ کسی عمل کے اعداد اتنے زیادہ ہیں کہ زکوٰۃ صغیر ہی ادا کرنا مشکل ہو تو وہاں یہ طریقہ کام دے گا۔

اصغر :۔ یعنی تعداد صغیر کا نصف کر کے پڑھے اس کو اصغر کہتے ہیں۔

صغائر :۔ اگر اصغر کی تعد پڑھنا بھی دشوار ہو تو اصغر کا نصف کر کے پڑھیں اس کو صغائر کہتے ہیں۔

اصغر الصغائر :۔ صغائر کے نصف کو اصغر الصغائر کہتے ہیں۔

یہ زکوٰۃ کی ادنیٰ قسم ہے اس سے کم تر نہیں۔ واللہ سبحانہٗ تعالیٰ اعلم (کاشف الاسرار شریف) زکوٰۃ کبیر اور زکوٰۃ اکبر: کبائر اور اکبر الکبائر؛ ان اقسام کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ایک نشست میں یہ تعداد پوری کی جائے یا ہر روز اتنی تعداد میں عمل پڑھا جائے۔ بلکہ اسم سے تقسیم کر کے حاصل عدد کے مطابق اسم دن میں اس تعداد کو پورا کیا جا سکتا ہے۔

عمل باموکل کے متعلق خصوصی ہدایات

یوں تو ہر عمل باموکل ہوتا ہے۔ کیونکہ ہر آیت اور اسم بلکہ ہر حرف کے موکل ہوتے ہیں۔ جس کی تلاوت کرنے سے وہ موکل جو اس حرف یا اسم کے تابع ہوتے ہیں۔ اللہ کے حکم سے عامل کے کام کو سرانجام دیتے ہیں۔ مگر اصطلاح عالمین میں عمل باموکل اسے بولتے ہیں جس کے ذریعہ موکل کو عامل اپنے تابع بناتا ہے اور موکل عامل کے سامنے بطریقہ عمل اچھی یا خوفناک شکل میں ظاہر ہوکر عامل کی اطاعت کا وعدہ کرتا ہے اور آئندہ کے لئے اس کو بلانے کا طریقہ دریافت کیا جائے تو وہ طریقہ بھی خود ہی بناتا ہے۔

موکل کی قسمیں:۔ ہر اسم کے پانچ موکل ہوتے ہیں۔ موکل علوی جلالی موکل علوی جمالی، موکل سلفی جمالی، موکل سلفی جلالی موکل قدسی۔

موکل قدسی..... اہل تقویٰ یا اہل اللہ ہی..... تابع کرسکتے ہیں۔ ہر ایک کی طاقت سے باہر ہے۔

موکل علوی جلالی و جمالی۔ اہل اسلام یا بالفاظ دگر صحیح العقیدہ اہلسنت کے سوا بد عقیدہ، بد مذہب، مرتد تو کیا صلح کلی قسم کے تذبذب شئی بھی اس میں کامیاب نہیں ہوتے بلکہ کتب اعمال سے کوئی عمل کریں بھی تو نقصان پہنچنے کا یقین ہے۔

موکل سلفی جلالی و جمالی میں کسی کی قید نہیں ہر ایک فرد کر سکتا ہے مگر عام طور پر عمل سلفی موکل میں عامل ناجائز امور کی طرف زیادہ مائل رہتا ہے اور موکل سے بھی ایسے ہی کام لیتا ہے جس کی وجہ سے عقل و خرد کے ساتھ جانی و مالی نقصان بھی اٹھانا پڑتا ہے۔ اگر صرف جائز امور میں ان سے کام لیا جائے تو کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ نہیں۔

عمل باموکل علوی جمالی و جلالی کرتے وقت نیت صادق ہے تو اس کا عامل امور خیر ہی کی مائل ہوتا چلا جائے گا۔ یہاں تک کہ موکل اس سے مانوس ہوکر تابع ہوجاتے ہیں۔

ہدایات عمل باموکل:۔ عام طور سے عمل باموکل کی طرف زیادہ نظریں اُٹھتی ہیں۔ اس سلسلے میں چند ہدایات درج ذیل ہیں۔

ہدایت نمبر ۱:۔ ہر عمل باموکل میں تحریر ہو یا نہ ہو ترک جمالی و جلالی ضروری ہے۔ جس طرح عمل سے اول آخر درود شریف ۳ بار یا ۷ بار یا گیارہ بار پڑھنا ضروری ہے۔

ہدایت نمبر ۲:۔ قلب و زبان و جسم کا ممنوعات شرح سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔

ہدایت نمبر ۳:۔ پاکیزگی و طہارت کے ساتھ اچھی خوشبو میں بسا ہونا ضروری ہے کہ موکلین پاکی و طہارت اور خوشبو کو بہت پسند کرتے ہیں۔

ہدایت نمبر ۴:۔ جسم و لباس کی پاکی کے ساتھ قلب و نیت کی پاکی

بھی شرط ہے کسی ناجائز خیال کو دل میں جگہ نہ دیں ورنہ نقصان کا خطرہ ہے

عمل باموکل کا احسن طریقہ:-

ان شرائط و ہدایات پر عمل کرنے کی صلاحیت و قابلیت اور اہلیت و قدرت ہو جب بھی فقیر کی رائے یہ ہے کہ عمل باموکل کرے تو موکل کو سامنے حاضر ہونے اور تابع ہونے کی نیت سے نہ کرے۔ عامل کا مقصد یہ ہو کہ ہمارا فلاں کام مثلاً ادائیگی قرض، ملازمت ملنا، فلاں شخص جو غائب ہے حاضر ہو۔ فلاں کی بیوی میکے میں بیٹھ گئی ہے شوہر کے گھر آجائے وغیرہ وغیرہ یہ تمام امور موکل کی حاضری کے بغیر بھی پورے ہو سکتے ہیں تو پھر کیا ضرورت ہے کہ موکل کو اپنے تابع کیا ہی جائے۔ ایسی صورت میں کسی عمل باموکل کو تین یوم یا حسب ہدایت جتنے دنوں کا ہو باشرائط کریں۔ اور نیت صرف یہ ہو کہ ہمارا فلاں کام ہو جائے۔ یا جب بھی میرا کوئی کام ہو اور میں اس کام کے لئے اسم پاک کا ورد کروں تو میرا کام انجام دیا جائے۔ انشاء اللہ وہ کام انجام پاتا رہے گا اور آپ عمل کے منقطع ہونے، رجعت ہونے تکلیف و نقصان اٹھانے سے بھی بچے رہیں گے۔ اس طرح یہ بھی ممکن ہے کہ موکل خود سامنے آجائے

اسم اعظم شریف کی تلاش

O

اکثر عاملین، عابدین، زاہدین بلکہ عام مسلمان صدیوں سے اسم اعظم کی تلاش و جستجو میں سرگرداں ہیں۔ کتنی ہی کتابیں تصنیف کی گئیں اور اکثر نے اس کی تلاش میں کتب و تفسیر و احادیث کے مطالعہ میں زندگیاں وقف کر دیں مگر کسی ایک نقطے پر سب کی نگاہیں مرکوز نہ ہو سکیں۔ عوام تو عوام خواص اور عالم علم روحانیت بھی اس امر پر متفق نہ ہو سکے کہ فلاں اسم ہی اسم اعظم ہے۔

عالی حضرت قدس سرہٗ کے والد ماجد مولانا نقی علی خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف لطیف احسن الوعاء میں نو بشارتوں میں اسم اعظم شریف کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ اور امام اہل سنت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ نے ان میں گیارہ بشارتوں کا اور اضافہ کر دیا ہے اور ۲۰ کا عدد پورا کر دیا جو ہدیۂ ناظرین ہے۔

اسم اعظم کی تحقیق

از قلم امام اہلسنت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ اور آپ کے والد ماجد مولانا نقی علی صاحب رحمۃ اللہ۔

قال الرضاء:- یہاں بیس بشارتیں ہیں ۹ حضرت مصنف علام قدس سرہٗ نے ذکر فرمائیں۔ اور گیارہ فقیر سگ قادری غفرلہٗ تعالیٰ لہٗ نے بڑھائیں

جس سے ہیں اس نتیجہ پر پہنچا کہ ہر اسم باری تعالیٰ۔ جل شانہٗ اسم اعظم ہے اور اسمائے باری تعالیٰ کے متعلق بزرگوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ اسمائے حسنیٰ کا انحصار ۹۹ پر نہیں جیسا کہ مشہور ہے لوامع النجوم میں لکھا ہے کہ ایک ہزار نام اللہ تعالیٰ کے وہ ہیں جن کو سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا اور ہزار نام وہ ہیں جن میں سے فرشتوں کے سوا کوئی نہیں جانتا اور ہزار نام وہ ہیں جو مسلمانوں کی زبان پر جاری ہیں۔ جن میں سے ۳۰۰ توریت میں ۳۰۰ انجیل میں اور تین سو زبور میں اور ایک سو کلام اللہ شریف میں مذکور ہیں۔ عام طور سے مشہور ہے کہ قرآن میں ۹۹ نام ایسے ہیں۔ جو سب پر ظاہر ہیں اور ایک پوشیدہ ہے جو اسم اعظم ہے۔ اگر اس کو مان لیا جائے تو ان احادیث کے متعلق کہا جائے گا کہ جن میں طالبانِ اسم اعظم کو اسم اعظم بتائے گئے ہیں۔ پھر وہ پوشیدہ کہاں رہا۔ ساتھ ہی غور طلب یہ امر بھی ہے کہ مختلف صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس اعظم کی جو نشاندہی فرمائی ہے وہ کسی ایک اسم سے متعلق نہیں۔ جدا جدا اسم باری تعالیٰ کو اعظم اسم بتایا۔ جس سے اس نتیجہ پر پہنچنا آسان ہے کہ ہر اسم اسم اعظم ہے اور اسمائے باری تعالیٰ کی کثرت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہر اسم کسی کی ذات سے منسوب ہو کر وہ اسم خاص اس کے لئے اسم اعظم کا کام دیتا ہے

عملیات برائے کشف مجرب آزمودہ

○

(۱) اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اَلِفْ یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فَعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ۔

اور اگر فعالہ کے ف کو زبر کے ساتھ پڑھے تو تمام افعال حسنہ اس کو حاصل ہونگے مستجاب الدعوت ہو گا۔ یہاں تک کہ پانی کے لئے دعا کرے گا برسے گا اور کسی مسلمان کی ترقی درجات کے لئے دعا کرے گا ترقی ہوگی اور کسی دشمن کی ہزیمت چاہے گا ہزیمت ہو گی۔

اگر فِعالہ کے ف کو زیر کے ساتھ پڑھے تو دشمن ہلاک ہوں مگر دشمن حق پر ہے تو رجعت ہو اور خود کو نقصان پہنچے بہتر ہے کہ ف کو زبر سے ساتھ پڑھے ہر مقصد حاصل ہو اور روزانہ کے پیش آنے والے واقعات دکھائے یا بتا دیا جاتے ہیں۔ ہر روز ۳۸۲ بار یا ۱۱۲ بار یا ۶۶ بار بمجبوری ۷ بار اول آخر درود شریف ۷ بار۔

(ب) اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ بَا یَا بَارُّ فَلَا شَیْءٌ کُفُوْہٗ یُدَانِیْہِ وَلَا اِمْکَانَ لِوَصْفِہٖ یَا بَارُّ۔

اگر بارُّ کو ر پر پیش اور لِوَصْفِہٖ کی ہ کو زیر کے ساتھ پڑھے دل اس کا مصفا آیئنے کی مثل ہو۔ حق تعالیٰ کے جلوے دیکھے جا سکیں اور فسق و فجور سے باز رہے۔ اور صفات ملکی سے موصوف ہو اور کسی صاحب عمل کے چہرے پر نظر ڈالے اس کے دل میں عبرت پیدا ہو۔ اور کبھی بُرائی اور مصیبت کے

پاس نہ پھٹکے۔ اور اگر یا بارٌ پڑھے یعنی رے پر زبر اور لوِ ضیفہ یعنی ہ پر
جزم تو جس شہر یا قصبہ یا گاؤں میں صاحب عمل پڑھے گا وہ جگہ ویران و برباد
ہو جائے۔ اور تمام درخت اور پھل اور باغات خشک ہو جائیں۔ ہر روز
۲۴۷ بار یا ۲۰۳ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۳ بار۔

ج ۔ اَجِبْ یَا کَلْکَائِیْلُ بِحَقِّ جِیْم یَا جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَنْ کُلِّ شَیْءٍ
فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْ وَعْدُہٗ یَا جَلِیْلُ۔

یا جَلِیْلُ لام پر پیش اور صدق بغیر لام الف اور وَعْدُہٗ ذال معجم پڑھے
تو جو کچھ زمین کے ساتوں طبق کے نیچے ہے عامل پر ظاہر ہو۔ اگر جَلِیْلَ یعنی لام
پر زبر اور الصِّدْقُ الف کے ساتھ اور وَعْدُہٗ دال مہملہ کے ساتھ پڑھے
عامل ہونے کے بعد ۴۱ بار پڑھے اور اپنے اوپر دم کرلے تو خلائق کی نظر
سے غائب ہو جب چاہے ظاہر ہو تو پہلے طریقے سے پڑھے تو خلق میں ظاہر
ہوگا۔ ہر روز ۱۴۲ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۹ بار۔

د ۔ اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ دَال یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا زَوَالَ
لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا دَائِمُ۔

اگر فَنَاءٍ ہمزہ کو دو زیر کے ساتھ پڑھے تو تمام عالم ظاہری و باطنی اس
کو فنا دکھائی دے۔ اگر فَنَاءً ہمزہ زبر کے ساتھ پڑھے تمام عالم ظاہر و باطن
بے حجاب دیکھے اور دونوں عالم میں سالک کا مرتبہ حاصل ہو۔ ہر روز ۲۵۰ بار
یا ۴۸ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

ہ ۔ اَجِبْ یَا دُرْدَیَائِیْلُ بِحَقِّ ھَا یَا ھَادِیْ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ

الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یَا ھَادِیْ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔
اس کا عمل اندھیرے میں اسی طرح دیکھتا ہے۔ جس طرح روشنی میں دیکھتا
ہے۔ نہ دریا میں ڈوبے نہ جنگل میں ہلاک ہو۔ دریائی جانور اور جنگل کے
وحشی اس کے مطیع ہوں، سانپ بچھو اس کے حکم پر عمل کریں۔ بے دینی
گمراہی، فسق و فجور اور معصیت کی تاریکیوں میں کبھی نہ بھٹکے گا اور جس بے
دین بد مذہب یا فاسق و فاجر کو نیکی کی تلقین کرے وہ ان سب اس کے حکم
کی تعمیل کرے۔ اور ہر برائی سے تائب ہو۔ اوّل آخر درود شریف ۲۱ بار
ہر روز ۲۶۲ بار یا ۲۰ بار۔

و ۔ اَجِبْ یَا دَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ وَاد یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ
وَاٰخِرُہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ یَا وَاحِدُ۔

روزانہ ۷۶۲ بار یا ۱۹ بار اوّل آخر درود شریف ۹ بار۔ اگر اوّل میں
لام کو زبر پڑھے تو عامل کو ابتدائے آفرینش سے فنا کے عالم تک کا علم ہو
اور اس پر کچھ بھی مخفی نہ رہے۔ اور اوّلُ یعنی لام پر پیش اور اٰخِرُہٗ خا کو
زبر کے ساتھ پڑھے۔ تمام خلق مسخر ہو اور سب اس کی اطاعت کریں۔

ز ۔ اَجِبْ یَا تَرْفَائِیْلُ بِحَقِّ زا یَا زَاکِیْ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ
بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیْ۔

اگر اس کے عامل کا شیخ یعنی پیر عالم باعمل متقی ہے تو اس کا موکل اس
کے پیر کی شکل میں حاضر ہو اور ہر جائز خواہش بغیر کہے پوری کرے۔ اگر بغیر
زا کی بغیر (زاویا) کے پڑھے تو سات تلامذہ جو اس عالم میں ہیں حاضر ہو کر

فرمانبرداری کا وعدہ کریں اور بحق نہ ایانہ اکی الطاهر ها پر زبر پڑھے تو ارواح عالم صاحب عمل کے روبرو ہو کر اپنا حال بیان کریں۔ اور عامل جس مشکل مہم میں ان سے مدد چاہے مدد کریں۔ ہر روز ۸۲۲ بار یا ۴۸ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

ح :- اجب یا تنکفیل بحق حا یا حَیُّ حِینَ لَا حَیَّ فِی دَیمُومَۃِ مُلکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ ۔

اس کا عامل جس مریض کو بہ نیت صحت و عافیت دیکھے گا۔ خدا کے فضل و کرم سے وہ مرض جاتا رہے گا۔ جس کو تعویذ دے گا موثر ہوگا اور تمام قول و فعل اس کے درست ہوں گے اگر لَاحَیَّ یا کو زیر کے ساتھ پڑھے گا تو ماکشف ہو اور تمام ارواح عالم کا معائنہ کرے گا۔ ہر روز ۵۹۰ بار یا ۱۸ بار اوّل آخر درود شریف، ۱۸ بار

ط :- اَجِب یَا اِسمَائِیل بحق طا یا طَاھِرُ یَا طَہِرُ المُطَہِرُ النُّفُوسَ مِنَ الرِّجسِ وَالذَّنبِ وَالجَوَارِ وَالکُربَۃِ وَالاٰفَۃِ وَالبَلَاءِ یَا طَاھِرُ۔

اس کا عامل پاک باطن اور بغض و کینہ حسد ظلم و جور، تشدد اور گناہ کبیرہ و صغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔ نہ کسی بد باطن بدکردار سے کبھی صدمہ پہنچے اور جس کو نظر بھر کر دیکھ لے وہ تابع ہو کر پرہیزگار بن جائے گا۔ اور کبھی اس کی اطاعت سے منہ نہ پھیرے گا۔ ہر روز ۲۱۵ بار یا ۱۴۲ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

ی :- اَجِب یَا سرکیتائیل بحق یا یُحیِی وَیُمِیتُ وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوتُ

اَبَدًا اَبَدًا ذُوالجَلَالِ وَالاِکرَامِ بِیَدِہِ الخَیرُ وَھُوَ عَلیٰ کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ ط۔

۱۱۱ بار ۹ یوم بعدہٗ ۸۵ بار اس کے عامل کی آنکھ میں تسخیر و جلال پیدا ہو چہرے پر عظمت و بزرگی اور ہیبت حق ظاہر ہو جس کو بنظر غضب دیکھ لے مردہ نظر آئے اور جس مردہ دل اور بیمار کو بنظر شفقت و رحمت دیکھے شفایاب ہو۔ مردہ قلب زندہ ہو اور نیک اعمال کی طرف مائل ہو۔ ہر روز ۷۳۲ بار یا ۳۸ بار بمجبوری ۹ بار اوّل آخر درود شریف ۹ بار۔

ک :- اَجِب یَا حَرُوزَائِیلُ بحق کان یَا کَافِی المُوسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِن عَطَایَا فَضلِہٖ یَا کَافِی ۔

اس کے عامل کو سانپ، بچھو درندہ کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے اور ان میں سے کسی جانور کو دیکھے اور اس کے حملہ کا ڈر ہو یا اندیشہ ہو یا سانپ بچھو کسی کو کاٹ لے تو اس کے عامل کا نام لے کر قسم دینے سے زہر ختم ہو جائے گا اور حملہ کرنے والا پلٹ کر بھاگ جائے۔ اگر اَلمُوسِعُ سین کو زبر سے پڑھے تو خدا تعالیٰ اس کو غیب سے رزق عطا فرمائے اور دل کو غنی کرے۔ اور کبھی مخلوق کا محتاج نہ ہو۔ ہر روز ۲۶۳ بار یا ۱۱۱ بار بمجبوری ۸ بار اوّل آخر درود شریف ۱۱ بار۔

ل :- اَجِب یَا لَمَا طَائِیلُ بحق لام یَا لَطِیفُ یَا اَوصَافِ کَمَالِہٖ بِاللَّطَافَۃِ وَاللَّطَافَۃُ فِی لَطَافَۃِ لَطَافَتِکَ یَا لَطِیفُ ۔

سات ہزار بار سات یوم بعدہٗ ۱۲۹ بار۔ اس کی روزانہ کی زندگی ہمیشہ خدا کے لطف و کرم میں بسر ہو۔ جو بھی عامل کے پاس آئے اس کے قلب کا حال

اس طرح دیکھے جیسے آئینہ میں اپنا عکس دیکھتا ہے۔ جس کی قبر پر جائے آنکھ بند کرکے توجہ کرے۔ چند بار ہی پڑھے صاحب قبر کا حال دیکھے اور بات کرے اور اہل قبر کے دوست اور رشتہ دار کے متعلق جو کہے وہ اس کو انجام دے اگر اہل قبر ولی اللہ ہے تو کسی بھی مسلمان کے لئے سوال کرے پورا ہو۔ ہر روز ۱۲۹ بار یا ۴۱ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

م :- اَجِبْ یَا رُدُوْیَائِیْلُ بِحَقِّ مِیْم یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ قَدْعَمَّ کُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّہٗ یَا مَنَّانُ۔

اس کا عامل خود اکسیر بن جاتا ہے۔ اس کے عامل کے پاس ایک مرد عالم غیب سے آتا ہے اور وہ علم سکھاتا ہے کہ جس پتھر پر نظر ڈالے سونا بن جائے۔ اگر مَنُّہٗ نون پر پیش پڑھے اور خالص اللہ کے لئے اس ذکر میں مشغول ہو تو ایک شخص عالم کیمیائے غیب سے ظاہر اور صرف اس کی ایک نظر فیض اثر سے یہ عامل صاحب عرفان و ایقان ہو۔ ہر روز ۲۰۸ بار یا ۴۱ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

ن :- اَجِبْ یَا حُوْلَائِیْلُ بِحَقِّ نُوْنُ یَا نَقِیُّ مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہٗ فِعَالُہٗ یَا نَقِیُّ۔

اس کے ذاکر کو عالم میں تصرّف کی قدرت حاصل ہو۔ جس کے لئے جو چاہے وہی ہو۔ فِعَالُہٗ یَا نَقِیًّا یعنی زیر کے ساتھ پڑھے تو عامل جس کسی کو کسی عمل کی اجازت دے وہ وہی تاثیر ہو اور عامل کے سامنے جس کا نام لیا جائے۔ اس کی حقیقت کی تصویر بن کر سامنے دکھائی دے اور اگر فَعَالَہٗ

یَا نَقِیًّا یعنی فا کو زیر کے ساتھ اور لام کو زبر کے ساتھ اور نقیاً کی یا کو بغیر تشدید کے پڑھے اور اس کی ۷ خلوتیں کرے۔ ہر ہفتہ میں ایک نیا اسرار ظاہر ہو اور بعد ۲۱ ہفتوں کے عالم ہیمیا کا ظہور ہو کر اس کے تحت و تصرف میں آئے۔ سرائے باطن بھی ایسی ہی معمور و آباد ہے جیسے سرائے ظاہری مگر سرائے باطن میں ارواح انبیاء، صدیقین، شہداء، صالحین جلوہ فرما ہیں جن کی زیارت سے مشرف ہو اور جسے چاہے دکھا سکے گا۔ ہر روز ۱۶۰ بار یا ۸۶ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

س :- اجب یا ھمراکیل بحق سین سُبْحَانَکَ یَا اِلٰہُ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یَا اِلٰہُ۔

اس کے عامل پر معرفت کا دروازہ کھل جائے گا اور ثابت قدمی میسّر ہو گی اگر الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یعنی سین کو زیر اور للہ کے لام کو پیش کے ساتھ پڑھے تو اس کا ثمر بیان کرنے کی طاقت زبان و قلم میں نہیں۔ عامل خود دیکھے گا اگر علین کو زبر اور لہٖ کے لام اور ہ کو زیر کے ساتھ پڑھے تو عامل جس کے لئے چند بار پڑھے۔ ہلاک و برباد ہو۔ مگر مسلمان کے واسطے بربادی یا نقصان کا عمل جائز نہیں۔ البتہ بد مذہب کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

ع :- اجب یالوما ئیل بحق عین یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِنْ حِفْظِہٖ یَا عَلَّامُ۔

اس کا عامل تمام علوم ظاہری کا حافظ ہو اور علوم باطن یعنی علم لوح محفوظ اسمائے اعظم کی برکت سے اس پر منکشف ہو اور عامل اپنی نظر سے دیکھے

ہر روز ۱۴۱ بار یا ۱۲۸ بار یا ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

ف:۔ اَجِبْ یَاسَرْحَمَائِیْلُ بِحَقِّ فَا یَا فَتَّاحُ اِفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ یَارَحِیْمُ وَرِزْقِكَ یَارَزَّاقُ وَکَرَمِكَ یَاکَرِیْمُ وَنِعْمَتِكَ یَامُنْعِمُ اَسْئَلُكَ یَافَتَّاحُ۔

اس کا عامل کتنا ہی لاچار، مجبور، حلال روزی سے مایوس۔ جب اپنے بیگانوں نے منہ موڑ لیا ہو، کمزور بیمار ہو، کوئی سہارا نہ ہو، مگر اللہ تعالیٰ اپنے خوانِ کرام کا ایک حصہ اسے عطا فرمائے جبکہ اس کے خوان کرام کا ایک ذرہ ساری دنیا کی نعمتیں ہیں۔ بس اپنے سینے کو حسد سے محفوظ رکھے اور اللہ کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو۔ ہر روز ۴۸۹ بار یا ۳۶۹ بار یا ۸ بار اوّل آخر درود شریف ۴۱ بار۔

ص:۔ اَجِبْ یَا اَھْجَمَائِیْلُ بِحَقِّ صَاد یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْهٍ فَلَا شَیْءَ کَمِثْلِهٖ یَا صَمَدُ۔

اس کا عامل مافی الضمیر سے واقف ہو جائے۔ خواہ وہ کسی بھی زبان میں بات کرے اور تمام جانوروں کی بولیوں سے آگاہ ہو۔ اور تمام اسمائے صفات پر تصرف حاصل ہو۔ اگر کَمِثْلُہٗ لام وحا کو پیش کے ساتھ پڑھے تو اپنی صورت میں تمام عالم کو دیکھے۔ تجلی ذات اس پر ظاہر ہو۔ ہر روز ۱۳۴ بار یا ۹۱ بار بمجبوری ۸ بار اوّل و آخر درود شریف ۹ بار۔

ق:۔ اَجِبْ یَا عِطْرَائِیْلُ بِحَقِّ قَ یَا قَاهِرُ ذُو الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَاهِرُ۔

اس کے عامل کو دینی و دنیوی تمام کاموں میں ترقی ہوگی۔ ہر مشکل کام قدرت خدا سے انجام پائے گا۔ جس کو شفقت و رحمت کی نظر سے دیکھے گا۔ وہ بھی عنایت رب سے نوازا جائے گا۔ اگر قَاهِرْ الف کو ھ سے متصل پڑھے تو جس کو چاہے زیر و زبر کر دے اگر ایک ہفتہ دو پرانی قبروں کے درمیان احرام باندھ کر ننگے سر ۳۰۶ بار پڑھے جس کے لئے پڑھے اگر اس کو زرد تصور کرے تو بیمار ہو اور سرخ تصور کرے تو ہلاک ہو۔ ہر روز ۳۲۱ بار یا ۳۰۶ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۲۱ بار۔

ر:۔ اَجِبْ یَا اَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ رَا یَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ غِیَاثُهٗ وَمَعَاذُهٗ یَا رَحِیْمُ۔

اس کا عامل عشق الٰہی سے سرشار ہو۔ ہر شے میں حق سبحانہٗ کے جلوے دیکھے اگر غِیَاثُہٗ زبر کے ساتھ رَحِیْمَ میم زبر کے ساتھ پڑھے تو دنیا و عقبیٰ میں کوئی ایسی بات نہ پیش آئے جو رنج و غم تکلیف و مصیبت کا سبب بنے بلکہ جب یہ گمان ہو کہ فلاں مصیبت آنے والی ہے۔ یا فلاں تجارت میں نقصان ہونے والا ہے۔ اس دعا کو پڑھے۔ اس سے محفوظ رہے۔ بلکہ وہم و گمان سے زیادہ نفع ہو۔ روزانہ ۲۵۸ بار یا ۱۰۸ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۱۱ بار۔

ش:۔ اَجِبْ یَا ھَمْزَائِیْلُ بِحَقِّ شِیْن یَا شَافِیْ اَلْاَمْرَاضِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ صَدَقْتَ یَا شَافِیْ۔

اس کا عامل سوائے موت کے ہر مرض کی شفا بن جائے۔ جس پر تین بار

پڑھ کر دم کر دے مرض دفع ہو۔ اس کے پاس مریضوں کا ہجوم رہے اور کوئی
مایوس نہ پھرے۔ اگر ہمیشہ دیکھ کر پڑھے نگاہ میں یہ تاثیر پیدا ہو جائے کہ جس طرف
نظر بھر کر دیکھنے ہی سے مرض جاتا رہے۔ اگر ۷ بار روزانہ لکھتا رہے تو قلم
میں یہ اثر پیدا ہو جائے کہ جس کو بھی جو نسخہ لکھ دے تیر بہدف ثابت ہو
جس کو یہ اسم یا ثمین لکھ کر دے دے مریض شفایاب ہو۔ ہر روز ۱۹۴ بار یا
۹۴ بار بمجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

ت ۱۔ اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ تَا یَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ
کُلُّ کُنْہِ جَلَالِ مُلْکِہٖ وَعِزِّہٖ یَا تَامُّ۔

اس کا عامل مقبولِ عوام و خواص ہو جاتا ہے۔ امراء و سلاطین اس کے
تابع اور فرمانبردار ہوں اور وہ مقام ملے جو اس ملک کے بادشاہ یا صدر
یا وزیراعظم کو مقام حاصل ہوتا ہے اگر تام کے میم اور السنُ کے نون و
سین کو زبر سے پڑھے تو وہ ایسا بادشاہ یا صدر مملکت ہو کہ جس کی حکومت
نہ صرف انسانوں کے زبان پر ہو بلکہ دلوں پر بھی حکومت کرے۔ اور اس کی اقلیم
کی ظاہری و باطنی دولت کی کثرت ہو۔ کہ جس کو چاہے عطا کرے ہر روز ۱۴۴
بار بمجبوری ۵۶ بار اوّل و آخر درود شریف ۱۱ بار۔

ث ۱۔ اَجِبْ یَا مِیْکَائِیْلُ بِحَقِّ ثَا یَا ثَابِتُ ثَبِّتْنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا
وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ یَا ثَابِتُ۔

اس کا عامل ایسی روحانی قوت اپنے اندر پاتا ہے۔ جس سے وہ خود
حیران ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہوا کیسے ہو گیا۔ کسی دور کی چیز کو اٹھانا چاہتا ہو

زدہ قریب ہو جاتی ہے۔ دور جانا ہو تو راستہ سمٹ کر قریب ہو جاتا ہے گھنٹوں
کا راستہ منٹوں میں طے ہو جاتا ہے۔ ہمراہی بھی حیران رہتے ہیں اور خود بھی متعجب
ہوتا ہے۔ جسمانی اعتبار سے وہ کتنا ہی کمزور ہو اس میں روحانی قوت اتنی
ہوتی ہے کہ اس کے کام کو دیکھ کر دنیا حیران ہوتی ہے۔ دنیا کی نظر میں جو
کام وہ کر جاتا ہو اس طرح کرتا ہے جس طرح کہ ماہر فن کرتا ہے۔ اس کا عامل
مستقل مزاج درگزر کرنے والا ہوتا ہے مگر وقت ضرورت سینکڑوں سے لڑ
جاتا ہے نہ بھاگتا ہے نہ دشمن کے وار اس پر اثر کرتے ہیں۔ روز بعد نماز
ظہر یا مغرب ۹۰۲ بار بمجبوری ۸۰ بار اوّل آخر درود شریف ۲۱ بار یا ۳ بار

خ ۱۔ اَجِبْ یَا مِہْکَائِیْلُ بِحَقِّ خَا یَا خَالِقُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْہِ مَعَادُہٗ یَا خَالِقُ۔

اس کے عامل کو علم ما فی الارحام حاصل ہو جاتا ہے کہ بچہ ماں کے پیٹ
میں کس طرح پرورش پاتا ہے۔ کس طرح گوشت پوست ہڈیاں بنتی ہیں اور
سنورتی ہیں۔ کس طرح روح جسم میں داخل ہوتی ہے۔ رحم میں نر ہے یا مادہ
اور اس کی صلاحیت و حقیقت کیا ہے عمر کیا ہے بڑا ہو کر کیا کرے گا۔ اگر
خَالِقُ کے قاف کو زبر کُلٌّ کے لام کو پیش بغیر تنوین اور مَعَادُہٗ کے دال
کو زبر کے ساتھ پڑھے تمام جمادات، معدنیات کا علم حاصل ہو، کس زمین میں
کونسی اشیاء ہیں، کتنی قیمتی ہیں۔ اس زمین سے کونسا درخت پیدا ہوگا۔ وہ اس
درخت کی ماہیت سے بھی واقف ہوگا۔ جو بغیر بیج کے اُگے گا۔ ہر روز بعد نماز
تہجد یعنی قبل فجر بمجبوری بعد نماز فجر ۱۳۰۲ بار بمجبوری ۵۷ بار اوّل آخر درود

شریف ۹ بار۔

ذ :- اَجِبْ یَا اھرائیلُ بحق ذال یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامِہٖ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

اس کا عامل عزت و عظمت بزرگی میں وہ مقام حاصل کر لیتا ہے۔ جو امیر و کبیر حاکم وزیر جس کے لئے دن رات سرگرداں رہتے ہیں۔ بلکہ اس کے عامل کے حضور زانوئے ادب تہ کرتے نظر آتے ہیں اس کی حکومت کا سکہ جن وانس، وحوش وطیور کے قلوب پر چلتا ہے۔ ہر روز ۲۱۷ بار یا ۲۴۸ بار یا ۸۵ بار بجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۴۱ بار۔

ض :- اَجِبْ یَا عطکائیلُ بحق ضاد یَا ضَارُّ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَا ضَارُّ۔

اس کا عامل دوسرے کو نقصان پہنچانے سے اپنے کو بچائے رکھے تو بہتر اس کی سواری بیر ا رہے۔ سانپ کو ہاتھ میں مثل کوڑے کے پکڑے۔ وہ زہریلے بچھو جن کے کاٹے سے موت واقع ہو جائے بے ضرر بنے ہو۔ غرض زہریلی شئے اور ہر زہریلا جانور اور ہر درندہ صفت انسان خواہ وہ افسر ہو یا حاکم وغیرہ کبھی ضرر ونقصان نہ پہنچا سکے۔ ہر روز ۱۱۰ بار یا ۸۰۵ بار یا ۱۴۱ بار بجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۷ بار۔

ظ :- اجِبْ یا لونائیل بحق ظَاھِرُ سُبْحَانَکَ اَنْتَ اللہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الظَّاھِرُ الْمُظْھِرُ یَا ظَاھِرُ۔

یہ بہترین استخارہ بھی ہے۔ وقت ضرورت اس کے ذریعے فرار شدہ

کا حال معلوم کرنے کی بیمار کی کل کیفیت اور اس کو دوا سے یا عمل سے فائدہ ہوگا۔ یا چوری کیا ہوا مال کہاں رکھا ہے۔ وغیرہ وغیرہ فوری طور پر معلوم کرنے کے لیے مجرب ہے اور اس کے عامل کو ان فیوض کے ساتھ ساتھ علوم سفینہ یعنی جو علوم کتب میں موجود نہیں ظاہر ہو جاتے ہیں۔ خزانے اور دفینے معمولی جدوجہد سے حاصل کر لیتا ہے۔ ہر روز ۱۱۰۶ بار یا ۵۸ بار بجبوری ۷ بار اوّل آخر درود شریف ۱۱ بار۔

غ :- اجب یا لوفائیل بحق غین یَا غِیَاثُ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَمُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ۔

اس کے عامل کو اللہ تعالیٰ تمام مکروہات پر رنج وغم سے نجات دیتا ہے۔ ہر کام اور ہر حاجت جو خلاف شرح نہ ہو۔ جس میں دنیا وآخرت کا ضرر نہ ہو پورا فرماتا ہے۔ رزق حسنہ عطا فرماتا ہے اور خزانہ غیب سے ظاہری وباطنی نعمتیں دیتا ہے اور اس کا دل اللہ کی بے شمار نعمتوں کو دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ ہر روز ۱۷۸ بار مغرب اور عشاء کے درمیان اوّل آخر درود شریف ۵ بار۔ جس دن وقت نہ ملے تو ۴۱ بار انتہائی مجبوری اور بیماری میں صرف ایک بار۔

اگر کوئی شخص الف سے غین تک کسی حرف کا عامل بننا اور اس کے موکل کو تابع کرنا چاہے تو ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) کی تعداد کو ۴۱ دن یا ۲۸ دن میں پورا کرے اور خلوت اختیار کرے۔ پرہیز جلالی وجمالی پر کاربند رہے عمل پورا ہونے تک کسی سے بات نہ کرے اگر ضرورت پڑے تو لکھ کر دے۔

اگران پابندیوں کے ساتھ عمل کرلیا تو پھر کبھی کوئی عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔
موکل کو جو حکم دے گا وہ انجام دے گا۔
اور جو چاہے گا اس پر ظاہر ہوگا۔ جس کسی کو عمل کی اجازت دے گا ایک بار پڑھنے سے اسے وہ سب کچھ حاصل ہوگا جو عامل کو حاصل ہوگا۔

حروف تہجی کے عملیات

عربی اردو حروف:۔ عربی میں کل ۲۸ حروف ہیں اور اردو میں یہ حروف زائد ہیں۔ پ۔ ٹ۔ چ۔ ڈ۔ ڑ۔ ژ گ۔ اسی لئے اہل معرفت نے ان زائد شدہ حروف کی اعدادی قیمت لگائی ہی نہیں مگر اس لئے کہ یہ حروف ملکوتی کے مشابہ ہیں ان کو انہی کے تابع قرار دیا۔

پ ب کے مشابہ ہے اس کے عدد ۲ ہیں۔ ٹ ت کے مشابہ ہے اس کے اعداد ۴۰۰ ہیں۔ چ ج کے مشابہ ہے اس کے اعداد ۳۔ ڈ د کے مشابہ اس کے اعداد ۴۔ اور ڑ۔ ر کے مشابہ ہے اس کے اعداد ۲۰۰ ہیں۔ ژ۔ ز کے مشابہ ہے اس کے ۷ اعداد ہیں۔ گ ک کے مشابہ ہے اس کے اعداد ۲۰ ہیں۔

استاد العالمین حضرت محمد غوث صاحب گوالیاری رح ارشاد فرماتے ہیں یہ اٹھائیس حروف اصل میں اٹھائیس نام اللہ سبحانہ تعالیٰ کے ہیں۔ ہر حرف کا ایک موکل روحانی ہے۔ جو اس اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول ہے۔ اصل حروف بسیط ہیں۔ جس وقت حروف مذکور کی دعوت ادا کی موکلات حروف دریافت ہوگئے۔ اور روحانیت ان کی مکاشفہ و مشاہدہ میں آئی ان سے اٹھائیس اسماء الٰہی دریافت ہوئے۔ اور ان ۲۸ اسماء الٰہی سے ۲۸ منازل قمر (جن کو ہندی میں نچھتر کہتے ہیں دریافت ہوئیں۔

حرف سے فائدہ حاصل کرنے کا طریقہ:۔ ان ۲۸ حروف کا عمل کشف

باطن اور حصول مقاصد کا ذریعہ ہے۔ اگر تمام حروف کے صفات پر جدا جدا روشنی ڈالی جائے تو اسی پر ایک ضخیم کتاب مرتب ہو سکتی ہے۔ مگر یہاں تو ان کا ذکر صرف اس لئے کیا جا رہا ہے کہ جب ان مفرد حروف میں یہ تاثیرات پنہاں ہیں۔ تو ان حروف سے مرکب الفاظ اور با معنی جملے جو آیاتِ قرآنی اور اسمائے ربانی پر مشتمل ہیں اگر ان کو خزانۂ قدرت کی کنجی کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔

ان حروف سے فائدہ حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔

حروف کے ذریعہ علاج جسمانی :- یہ حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں۔ آپ بھی فائدہ حاصل کریں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں
جسم انسانی چار عنصر سے مرکب ہے۔ آب وخاک، باد و آتش اور یہ اٹھائیس حروف ان چاروں عناصر پر حکمراں ہیں۔ گویا تمام جسم ان ۲۸ حروف کے تابع ہے

نقشہ حروف

سیارگان	آتشی	بادی	آبی	خاکی	تفصیل
زحل	ا	ب	ج	د	ان چاروں حروف کی حکمرانی سر پر ہے۔
مشتری	ہ	و	ز	ح	" " داہنے بازو پر ہے۔
مریخ	ط	ی	ک	ل	" " بائیں بازو پر ہے۔
شمس	م	ن	س	ع	" " پشت پر ہے
زہرہ	ف	ص	ق	ر	" " شکم پر ہے۔
عطارد	ش	ت	ث	خ	" " داہنی ران پر ہے۔

سیارگان	آتشی	بادی	آبی	خاکی	تفصیل
قمر	ذ	ض	ظ	غ	ان چاروں حروف کی حکمرانی بائیں ران پر ہے
تفصیل	صفرا آگ	خون ہوا	بلغم پانی	سودا مٹی	

امراض سر:- خصوصاً پاگل پن سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کے لیے مثلاً بالوں کا گرنا بال خورا، گنج، کمزوری دماغ، بھولنا کمزوری حافظہ، دردِ سر، درد کان، درد دانت، امراضِ چشم آواز کا بند ہونا، حلق میں درد ہونا۔ کل امراض سر کے لئے یہ نقش ساعت زحل میں لکھ کر سر میں باندھ دیں۔ دماغی امراض خصوصاً پاگل پن کے لئے ہر روز یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا اسرائیل بحق الف

د	ب	ج	د
د	ج	ب	و
ب	د	د	ج
ج	د	و	ب

امراض دست راست:- داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے شانے تک کسی قسم

اجب یا دردیائیل بحق ھا

ہ	و	ز	ح
ح	ز	و	ہ
و	ہ	ح	ز
ز	ح	ہ	و

امراض شکم :- ...درد شکم، ناف کا ٹلنا، آنتوں کی دق، گردے مثانے کی تمام تکالیف، میں یہ نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر پیٹ پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا سرحمائیل بحق یانی

ر	ق	ص	ف
ف	ص	ق	ر
ق	ر	ف	ص
ص	ف	ر	ق

اجب یا ہمزائیل بحق شین

خ	ث	ت	ش
ش	ت	ث	خ
ث	خ	ش	ت
ت	ش	خ	ث

امراض پائے راست :- داہنی ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی بیماری تکلیف، عرق النساء، رانگن کے درد وغیرہ میں ساعت عطارد میں لکھ کر ران پر بندھوائیں۔ اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

امراض پائے چپ :- بائیں ران سے پاؤں کی انگلی تک ہر قسم کی تکلیف بائیں پاؤں میں رانگن کا درد، جوڑوں کا درد، وغیرہ میں ساعت

کا درد تکلیف داہنے طرف کا، فالج وغیرہ کے لئے ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

امراض دست چپ :- نصف شانے سینے سے الٹے ہاتھ کی انگلی تک کے ہر مرض ہر ہر تکلیف بائیں طرف کے فالج شانے کا درد، جوڑوں کے درد، دل کے امراض، گھبراہٹ، (ہارٹ اٹیک) یعنی دل کی تمام بیماریوں میں مریخ کی ساعت میں لکھ کر الٹے بازو پہ باندھنے کو دیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

اجب یا اسمائیل بحق طا

ل	ث	ی	ط
ط	ی	ث	ل
ث	ل	ط	ی
ی	ط	ل	ث

امراض پشت :- درد کمر، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، دق اور سل، رقت، منی، احتلام وغیرہ کے امراض میں ساعت میں لکھ کر پشت پر کمر میں باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اجب یا ردمائیل بحق میم

ع	س	ن	م
م	ن	س	ع
س	ع	م	ن
ن	م	ع	س

قمر میں لکھ کر بائیں ران میں باندھنے کو دیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں

اجب یا اهرائیل بحق ذال

غ	ظ	ص	ذ
ذ	س	ط	غ
ظ	غ	ذ	ص
ص	ذ	غ	ظ

اجب یا اسرائیل بحق غین

اجب یا عطیائیل بحق ضاد

[illegible]

دوسرا طریقہ علاج

حروف آتشی :۔ الف، ھا، طا، میم، فا، شین، ذال، یا نار کونی برداً وسلاماً

حروف آبی :۔ جیم، زا، کاف، سین، قاف، ثا، ظا، سلام علی نوحٍ فی العلمین۔

حروف بادی :۔ با، واو، یا، نون، صاد، تا، ضاد، سلام قولاً من رب رحیم۔

حروف خاکی :۔ دال، حا، لام، عین، را، خا، غین، سلام علی موسیٰ وھارون

یہ حروف حکیم کے مشورے سے دینا زیادہ بہتر ہے۔ کیونکہ حکیم علاج بالضد کرتے ہیں کہ سردی اور تری میں گرم وخشک، دوائیں استعمال کراتے ہیں۔ اور گرمی وخشکی میں سرد تر۔ اسی مناسبت کو پیش نظر رکھ کر حروف سے فائدہ اٹھایا جائے۔ ورنہ آپ کے لیے آسان تدبیر یہ ہی ہے کہ

بالمثل ہی علاج کریں یعنی بخار اور گرمی کی وجہ سے تکلیف ہو تو حروف آتشی دیں کہ آخر میں جو عبارت زیادہ کی گئی ہے وہ گرمی اور صفرے کو مزید بڑھائے گی نہیں۔ بلکہ سلامتی کے ساتھ اعتدال پر لے آئے گی۔

...اور باعتبار مرکز اور مدار حاصل کرے اور باعتبار بنیان اسمائے الٰہی
...بنا۔ اول باعتبار مرکز اور مدار حاصل کرے اور باعتبار بنیان اسمائے الٰہی
...اخراج کرکے بلاکر دعوت دے یہ سب سے قوی تر ہے۔ مگر یہاں تو حرف
...مفرد حروف کے فوائد سے متاثر کرکے اہل اسلام کو اسمائے باری تعالیٰ اور آیات
...قرآنی و اعمال احادیث کا شوق دلانا اور اعتقادی پختگی پیدا کرکے ان بیش
...بہا خزانوں سے مالا مال کرنا ہے اس لیے آسان طریقے پر فائدہ حاصل کرنے
...کا ذریعہ بتا دینا چاہتا ہوں۔ اعداد ملفوظی اس طرح نکلتے ہیں مثلاً ا ہے
...اس کے ہجے میں تین حرف ہیں۔ ا۔ ل۔ ف۔ الف کا ایک، لام کے تیس ۳۰
...ف کے اسی ۸۰۔ کل ۱۱۱ ہوئے

حروف کے ذریعہ حصول کشف

ان مفرد حروف سے بیک وقت کئی فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ اور ان سے فوائد حاصل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ تو جب ہم غور کرتے ہیں۔ تو ہر حرف دو حیثیت سے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ پہلی حیثیت مکتوبی دوسری ملفوظی۔ مکتوبی ابجد اور ملفوظی۔ یہ الف، با، جیم، دال ہر حرف کے دو موکل ہیں۔ ایک ظاہری دوسرا باطنی۔ موکل ظاہری کو صفائی بھی کہہ سکتے ہیں۔ اور موکل باطنی کو ذاتی۔

مکتوبی (ا) کا موکل باطنی اسرافیل اور موکل ظاہری آئیل ہے۔ باعتبار ملفوظی "الف" کے موکل چھ ہوں گے۔ ا کے ۲، لام کے ۲، ف کے ۲۔ ہر ایک کا نام کئی کئی حروف سے مرکب ہوتا ہے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔ اس میں ۹ حرف مکتوبی ہیں۔ اس میں سے مکرر حروف الگ کیے تو بچے۔ ا، ق، ب ل، ح، م، د۔ تخلیص شدہ کل سات حرف ہیں۔ ان کے موکل ہوئے ۱۴۔ اور اگر اپنے نام کو ملفوظی کیا تو یوں ہوا۔ الف، ق، با، الف، لام، الف، حا، میم۔ دال۔ کل مجموعہ ہوا ۲۵۔ اور مکرر حروف گرائے تو کتنے رہے۔ ا، ل، ف، ق، ب، م، ح، ی، د۔ کل ۹ حرف جن کے موکل ظاہر و باطنی ۱۸ ہوئے۔

اور صاحب جواہر خمسہ نے دعوت حروف کے تین طریقے درج فرمائے

ہر لفظ کا موکل معلوم کرنے کا طریقہ

ہر شخص اپنے نام کے پہلے حرف کو مرکز تسلیم کرے اور آخر حرف کو محیط مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔ تو میرے اسم کا مرکز "ق" اور محیط "د" قرار پائے گا۔ اقبال احمد کا اگر موکل ظہوری باعتبار مرکز معلوم کرنا ہو تو آئیل اور باعتبار نقشے کے اخزائیل ہوگا۔ اور باعتبار موکل مدار استخراج کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس حرف، یا لفظ یا جملے کا موکل مدار حاصل کرنا چاہے تو اس کو ملفوظی لکھ کر عدد نکالے مثلاً اُس کو ملفوظی کیا تو الف ہوا۔ اور اقبال کو ملفوظی کیا تو۔

ا	ق	ب	ا	ل	ا	ح	م	د
الف	قاف	با	الف	لام	الف	حا	میم	دال
۱۱۱	۱۸۱	۳	۱۱۱	۷۱	۱۱۱	۹	۵۰	۳۵

ہوا۔ اب ان کے اعداد نکالے ان سب کو جوڑا تو مجموعہ ہوا "۱۶۸۲ [?]" اب کل حروف کی تعداد ۲۸ ہے اس لیے ۲۸ سے تقسیم کرے باقی بچے "۱۰" بحساب ابجد دسواں حرف ی ہے۔ اقبال احمد کا موکل باعتبار مدار ظاہری یائیل موکل اور مدار باطنی سرکتیائیل اسی طرح حرف ا کو ملفوظی کیا تو الف ہوا عدد اس کے ۱۱۱ ہیں۔ ۲۸ سے تقسیم ۲۷ بچے گویا الف کا مدار ستائیسواں حرف ظا ہے اور ب کا ملفوظی با اور با کے اعداد ۳ ہیں اس کا موکل "مدار۔ اس کا موکل مدارج کے ملفوظی اعداد ۲۸ ہوں یا ۲۸ سے تقسیم کرنے پر کچھ نہ بچے۔

بھی اس کا مدار اٹھائیسواں حرف غ ہوگا اور اس کا موکل ظاہری غائیل اور باطنی لوخائیل ہوگا۔

پہلا طریقہ موکل باطنی کے ساتھ پڑھنے کا یہ ہے

اجب یا اسرافیل بحق الف	اجب یا اسمائیل بحق طا
اجب یا جبرائیل بحق با	اجب یا سرکتائیل بحق یا
اجب یا کلکائیل بحق جیم	اجب یا حرودائیل بحق کاف
اجب یا دردائیل بحق دال	اجب یا طاطائیل بحق لام
اجب یا دوریائیل بحق ہا	اجب یا رومائیل بحق میم
اجب یا رفتمائیل بحق واو	اجب یا مرحلائیل بحق نون
اجب یا شرفائیل بحق زا	اجب یا امواکیل بحق سین
اجب یا تنکفیل بحق حا	اجب یا لوماعیل بحق عین
اجب یا سرحمائیل بحق فا	اجب یا میکائیل بحق ثا
اجب یا اجمائیل بحق صاد	اجب یا مہکائیل بحق خا
اجب یا عطرائیل بحق قاف	اجب یا اھرائیل بحق ذال
اجب یا امواکیل بحق را	اجب یا اطکائیل بحق ضاد
اجب یا ھمزائیل بحق شین	اجب یا لوزائیل بحق ظا
اجب یا عزرائیل بحق تا	اجب یا لوخائیل بحق غین

دوسرا طریقہ:- موکل ظاہری و باطنی دونوں کے ساتھ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔ اجب یا اسرافیل بحق ایا آئیل۔ اجب یا یا جبرائیل بحق با یائیل

اسی طرح تمام حروف کو ہر دو موکل کے ساتھ پڑھیں آخر میں اسم موکل حرف ندا "یا" کے ساتھ ہوگا اور حرف ندا "یا" کو چھوڑ کر اسم موکل کے ملکوتی حروف جوڑ کر پڑھیں۔ مثلاً یا آئیل، یا بائیل، حرف ندا کو بغیر شمار کئے آئیل میں ۴ حرف ملکوتی ہیں اور بائیل میں ۵ حرف ملکوتی ہیں۔ جوڑ کر پڑھا جائے گا۔

تیسرا طریقہ:۔ ہر حرف کا ایک موکل ظاہری ہوتا ہے۔ اس کا اثر نظر آنے والی تمام اشیاء پر ہے جو نظر سے پوشیدہ ہوں یا جن کا تعلق عالم روحانیت سے ہو ہر دو موکل ظاہری و باطنی کو ملا کر پڑھنے سے ہر دو فوائد حاصل ہوتے ہیں۔۔

اجب یا اسرافیل بحق الف یا ائیل
اجب یا جبرائیل بحق با یا بائیل
اجب یا کلکائیل بحق جیم یا جائیل
اجب یا دردائیل بحق دال یا دائیل
اجب یا دوریائیل بحق ہا یا ہائیل
اجب یا ہ فتمائیل بحق واؤ یا وائیل
اجب یا شرفائیل بحق ذا یا زائیل
اجب یا تنکفیل بحق حا یا حائیل
اجب یا سرحمائیل بحق فا یا فائیل
اجب یا اہجمائیل بحق ص یا صائیل

اجب یا اسماعیل بحق طا یا طائیل
اجب یا سرکتائیل بحق یا یا یائیل
اجب یا حروزائیل بحق کاف یا کائیل
اجب یا طاطائیل بحق لام یا لائیل
اجب یا رومائیل بحق میم یا مائیل
اجب یا حولائیل بحق نون یا نائیل
اجب یا اموآکیل بحق سین یا سائیل
اجب یا لومائیل بحق عین یا عائیل
اجب یا میکائیل بحق ثا یا ثائیل
اجب یا مہکائیل بحق خا یا خائیل

اجب یا عطرائیل بحق قاف یا قائیل
اجب یا امواکیل بحق را یا رائیل
اجب یا ہمزائیل بحق شین یا شائیل
اجب یا عزرائیل بحق تا یا تائیل

اجب یا اہرائیل بحق ذال یا ذائیل
اجب یا اطکائیل بحق ضاد یا ضائیل
اجب یا لوزائیل بحق ظا یا ظائیل
اجب یا لوخائیل بحق غین یا غائیل

چوتھا طریقہ:۔ باعتبار بنیان اسمائے موکل کو حروف کی مناسبت سے اسمائے باری تعالیٰ کے ساتھ پڑھنے کا ہے۔ اس طریقہ پہ عمل کرنے سے موکل عامل سے جلد مانوس ہو جاتا ہے۔ اور عامل نقصان سے محفوظ رہتا ہے۔ کیونکہ انسان کا ازلی دشمن ابلیس اور اس کا رفیق نفس بہ شکل دوست ہر وقت ساتھ لگے رہتے ہیں۔ جب انسان ان کی دوستی پر اعتبار کر لیتا ہے تو گناہ کی طرف مائل ہوتا ہے۔ موکل جو عالم روحانیت سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ ایسے انسان سے مانوس نہیں ہوتے مگر اسم باری تعالیٰ کے سبب جلد مانوس ہو جاتے ہیں۔

اجب یا اسرافیل بحق الف یا اللہ — اجب یا اسرافیل بحق الف یا احد
اجب یا اسرافیل بحق الف یا اوّل — اجب یا اسرافیل بحق الف یا اکبر

اس طرح کوئی بھی اسم باری تعالیٰ جو الف سے شروع ہوتا ہو ملا کر پڑھیں اگر عامل کا کوئی دنیاوی یا دینی مقصد بھی ہو تو کوئی ایک یا دو تین اسمائے الٰہی منتخب کر کے ایک ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔

صاحب جواہر خمسہ تحریر فرماتے ہیں۔
جب یہ چاہے کہ دعوت حروف تہجی باعتبار بنیان ادا کرے تو ان حروف سے اسمائے حسنیٰ نکالے۔ لیکن ایک یا تین یا پانچ سے زیادہ نہ ہوں۔ اس

عمل کو کس تعداد کے مطابق پڑھا جائے۔ یہ بھی عامل کی مرضی پر موقوف ہے چاہے اسم باری تعالیٰ کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ جب اسم موکل کے اعداد کے مطابق پڑھا جائے گا تو اسم باری تعالیٰ کی برکت سے موکل جلد مانوس ہو گا اور اسم باری تعالیٰ کے اعداد کے مطابق پڑھا جائے گا تو معنی اسم کے مطابق صفات الٰہی کا پرتو اس کی ذات پہ ہو گا اور موکل مانوس ہی نہیں اس کے تابع ہو جائے گا۔ جب اور جس کے حال کو معلوم کرنا چاہے گا اس پر منکشف ہو جائے گا۔ اور جس جائز کام کو کہے گا انجام دے گا۔

پانچواں طریقہ:۔ باعتبار بنیان مفرد حروف اسمائے باری تعالیٰ کے ساتھ پڑھنے کے لئے موکل اپنے نام کے حروف مرکز یعنی پہلے حرف کی مناسبت کو ہر حالت میں محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ ہاں یہ اختیار ہے کہ حرف مرکز کا موکل خواہ ظاہری ہو یا باطنی یا دونوں۔ بہر حال یہ ضرور ہونا چاہیے۔ آگے باعتبار اپنے نام موکل حرف محیط ظاہری و باطنی دونوں کو شامل کر کے پڑھے۔ مثلاً میرا نام اقبال احمد ہے۔ میرے نام کا حرف مرکز الف اور حرف محیط دال ہے۔

باعتبار مرکز	باعتبار مرکز	باعتبار محیط	باعتبار محیط
موکل باطنی	موکل ظاہری	موکل باطنی	موکل ظاہری

اجب یا اسرافیل یا آئیل بحق الف یا اللہ   اجب یا دردائیل یا دائیل بحق دال بادیان

۲۸۳   ۴۲   ۶۶   ۲۵۰   ۴۶   ۶۵

اگر تسخیر موکلین کے لیے پڑھنا ہے تو اعداد موکلان ۳۸۲ ۔ ۴۲ ۔ ۲۵۰ ۔ ۴۶ جمع کرے ۷۲۰ بار چالیس دن پڑھ کر ۱۷ بار تاحیات ورود رکھنا ہو گا۔ اور اگر صفات

الٰہی کے پرتو سے اپنی ذات کو عزت بخشنا ہے تو اسمائے الٰہی کے اعداد کے مطابق چالیس یوم پڑھنا ہو گا۔ یعنی ۶، ۱، ۶۵ مجموعہ ان کا ۱۳۱ ہوا۔ بعد چالیس یوم کے کل حروف کی تعداد کے مطابق ۱۷ بار تاحیات جاری رکھنا ہے۔

حروف کے ذریعہ کشف حال

حروف کشف حال کا بہترین ذریعہ ہیں۔ حروف کی زکواۃ یا دعوت کے ذریعہ موکلین کو تابع کرنے میں خطرہ ہے۔ مگر جب کہ کوئی شرط مقصود ہو جائے بغیر موکل تابع کیے وقت ضرورت فائدہ حاصل کرنا بہت آسان ہے۔ اس کے دو طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ تو یہ ہے کہ آپ کے نام کا جو پہلا حرف ہو اسی حرف کو اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ اگر وہ زیادہ ہوں تو اسم موکل کے اعداد کے مطابق یا حرف کے ملفوظی اعداد کے مطابق یا مکتوبی حرف کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ یہ عمل پڑھنے والے کی طاقت پر چھوڑ جاتا ہے سب سے کم تعداد ۲۸ ہے اس سے کم نہ پڑھے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تمام حروف جن کی تعداد ۲۸ ہے۔ سب کو روزانہ ایک بار یا ۲۸ بار ورد میں رکھے۔ اس طرح موکل بھی مانوس ہو جائیں گے۔ اور انکشاف حال بھی ہوتا رہے گا۔ اول آخر درود شریف ۲۱ بار۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

